| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری آٹھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'چ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'چ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/ بناوٹ سے 'چ' لکھ سکیں ۔ حرف 'چ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'چ ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی ۔ اور ''ا سے لے کر ج'' تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی ۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'چ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر ۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'چ' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہو گی ۔ اور بچوں کو السلام علیکم کہہ کر 'چ' کا تعارف کروائے گی ۔ کہ میں حرف 'چ' ہوں ۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے ۔ اور حرف 'چ' کی آدھی شکل 'چـ' کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا ۔ 'چ' حروف تہجی کا نواں حرف ہے ۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'چ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے ۔ اور حرف 'چ' کے ذخیرہ الفاظ چوزہ، چارپائی، چاند اور چڑیا کے بارے میں جانیں گے ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'چ' میں تین نقطے ہوتے ہیں ۔ تختہ سفید/ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی ۔ جس پر بچوں کو حرف 'چ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'چ' لکھنے کو کہا جائے گا ۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'چ' کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیریے اور 'چ' سے بنی ہوئی اشیاء میں رنگ بھریں ۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ 45 کھولنے کو کہا جائے گا ۔ 'چ' کی پوری شکل پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا ۔ تصاویر کے ذریعے 'چ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے ۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 45<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف 'چ' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی ۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری آٹھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'چ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'چ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/ بناوٹ سے 'چ' لکھ سکیں ۔ حرف 'چ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'چ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں کو 'چ' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'چ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'چ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو چوکیدار کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ چوکیدار ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ چوکیدار کا کیا کام ہوتا ہے؟ ۔ وہ کن جگہوں کی حفاظت کرتا ہے؟ ۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ انہوں نے کہاں کہاں چوکیدار دیکھا ہے؟ ۔ جگہوں کے نام بتائیں ۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'چ' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | چ اور آدھی شکل کے کٹ آؤٹس | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چمچ اور ایک پیالہ کے اندر ''اسے لے کر چ'' تک حروف کی آدھی اور پوری شکل کے کٹ آؤٹس دیئے جائیں گے جن میں 'چ' کی آدھی اور پوری شکل زیادہ تعداد میں ہوں گے ۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ چمچ کی مدد سے 'چ' کی آدھی اور پوری شکل نکالیں ۔ بچوں سے کتاب صفحہ 46 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں ۔ دی گئی تمام تصاویر کے نام بتائے جائیں گے ۔ 'ج' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | پیالہ اور چمچ<br>کتاب صفحہ 46 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں 'چ' کی پوری اور آدھی شکل بنانے کی مشق کریں۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ 47 کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری آٹھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'چ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'چ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/ بناوٹ سے 'چ' لکھ سکیں ۔حرف 'چ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔حرف 'چ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'چ' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>(حرف اور اشیاء) | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'چ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم چمچ کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ چمچ سے ہم کیا کرتے ہیں؟ کیا ہم چمچ صرف کھانا کھانے کے لیے استعمال کرتے ہیں؟ لنچ بریک میں بچوں کو کہا جائے گا کہ جن جن کے لنچ بکس میں چمچ ہے وہ اپنا اپنا چمچ دکھائیں۔ بچوں کو کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'چ' بنائیے۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر مختلف حروف کی تصاویر لگائیں اور حرف 'چ' کی اشیاء کی تصاویر لگائیں۔ ایک ایک کر کے بچوں کو بلائیں اور اُن کو کہیں کہ 'چ' سے شروع ہونے والی تصاویر کے گرد دائرہ لگائیں۔ کتاب صفحہ 48 کھولنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ<br>48 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو چوزہ، چوکیدار، چمچ، چڑیا کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری آٹھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'چ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'چ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/ بناوٹ سے 'چ' لکھ سکیں۔ حرف 'چ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'چ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'چ' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ حرف 'چ' کا تلفظ اور اس کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'چ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'چ' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے چیل، چیتا، چمگادڑ اور چقندر کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائیں گے جس میں ج اور چ لکھا ہوگا۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ پیلے رنگ کے بال حرف 'ج' اور نیلے رنگ کے بال حرف 'چ' والی ٹوکری میں ڈالیں۔ بچوں سے کاپی پر 'ج' اور اس کی آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں سے حرف 'چ' کی پوری اور آدھی شکل لکھوائیں۔ | 3 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری آٹھواں ہفتہ | موضوع: | 'سبزیوں کے نام' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ سبزیوں کے نام جان سکیں۔ تصاویر دیکھ کر نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'چ' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم سبزیوں کے ناموں کی دہرائی کریں گے۔ بچوں کو پیاز، لہسن، کریلا، شملہ مرچ، مولی، کھیرا، کے فلیش کارڈ / پلاسٹک کھولنے/ اصل سبزی دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ ایک وقت میں ایک سبزی دکھائی جائے گی۔ اس کا نام دو سے تین بار دہرایا جائے گا۔ رنگ پوچھا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ پھلوں کی طرح سبزیاں بھی اللہ تعالیٰ نے ہمارے کھانے کے لیے بنائی ہیں۔ بچوں سے ان کی پسندیدہ سبزی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ کون سی سبزی انہیں پسند ہے وجہ پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دائرے کی شکل میں بیٹھایے اور سبزی اپنے سے آگے والے بچے کو پکڑنے کو کہیے۔ جب میوزک شروع ہو۔ وہ سبزی آگے پاس کر دے گا۔ میوزک رکنے پر جس بچے کے پاس سبزی ہوگی وہ اس کا نام بتائے گا۔ ہر دفعہ سبزی مختلف ہونی چاہیے۔<br>**اختتامیہ:**<br>تمام سبزیوں کے نام دہرایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر حرف 'چ' اور آدھی شکل لکھیے۔ ورک شیٹ کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br><br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>سبزی<br><br><br>اصل<br>سبزی/کھلونے | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>سبزیوں کے ناموں اور تصاویر کی نشاندہی کرنے پر۔ |